حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ کا مجموعہ

# مواعظ اشرفیہ

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ تھانوی دفتر رسالہ الابقاء
مولوی مسافر خانہ ایم اے جناح روڈ کراچی ۱
فون: ۷۷۷۶۲۰، ۷۷۰۰۹۴

آخر قرآن میں کوئی تو لذت ہے جو اس کی بار بار تلاوت کرنا آسان ہے بعض کلاموں میں یہ کمال ہوتا ہے کہ ان میں بدون سمجھے بھی لطف آتا ہے قرآن میں یہ صفت سب سے زیادہ ہے اور اگر خدا نے فہم معانی کی بھی توفیق دی ہے۔ پھر تو اس لذت کا پوچھنا ہی کیا بعض لوگ جن کو معانی قرآن کا ذوق ہے ایک ایک آیت پر گھنٹوں وجد کرتے ہیں بعض اللہ کے بندوں نے ایک ہی آیت کے تکرار میں رات سے صبح کر دی ہے روتے جاتے ہیں اور ایک ہی آیت کو بار بار پڑھتے جاتے ہیں پھر بھی لذت ختم نہیں ہوتی اگر کوئی صحیح قرآن پڑھنے والا ہو اور اس کے ساتھ خوش آواز بھی ہو اس کا قرآن سنئے واللہ بدون سمجھے بھی وہ لطف آئیگا جو کسی کلام میں نہ آئے گا قرآن کو صحت کے ساتھ پڑھا جائے تو ہر لہجہ میں مزہ آتا ہے ہاں موسیقی کے قواعد پر نہ پڑھنا چاہیئے اس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے۔ قرآن کے بعد مثنوی میں بھی یہ صفت ہے کہ اس کے اشعار سننے میں ہر شخص کو مزہ آتا ہے چاہے مطلب کچھ بھی نہ سمجھتا ہو اسی لئے مولانا جامی نے کہا ہے ؎

مثنوی مولوی معنوی ہست قرآن در زبان پہلوئیؒ

بظاہر اس میں شبہ ہوتا ہے کہ پوری مثنوی میں تو قرآن کے مضامین نہیں ہیں پھر اس کو قرآن در زبان پہلوی کیسے کہدیا۔ حضرت حاجی صاحب نے اس کا مطلب اور بیان فرمایا ہے کہ اس جگہ قرآن کے معنے مطلق کلام الہامی ہے مطلب یہ ہوا کہ مثنوی فارسی میں الہامی کتاب ہے کیونکہ روایات سیر سے معلوم ہوا ہے کہ مولانا رومی پر غیبی واردات کا غلبہ ہوتا تھا اس وقت مثنوی کے اشعار آپ کی زبان پر جاری ہوتے تھے اور مولانا حسام الدین ان کو لکھ لیتے تھے جب حالت فرو ہو جاتی تو اشعار کی آمد بند بھی ہو جاتی تھی اسی طرح اس کی تصنیف تمام ہوئی ہے تو یہ ساری کتاب غلبۂ حال میں لکھی گئی ہے اس وقت بطور الہام کے یہ کلام مولانا کی زبان سے نکلتا تھا اسی لئے مثنوی میں ایک شوکت اور حلاوت ایسی ہے جو دوسروں کے کلام میں نہیں پائی جاتی یہ تو جملہ معترضہ تھا میں یہ کہہ رہا تھا کہ قرآن میں ایک لذت ہے جو بے سمجھے پڑھنے میں بھی ہر شخص کو حاصل

ؒ یہ مثنوی مولانا رومی فارسی زبان میں الہامی کتاب ہے۔

ہوتی ہے قرآن میں ایک بات یہ ہے لا یخلق من کثرۃ الرد کہ یہ کلام بار بار پڑھنے سے پُرانا نہیں ہوتا ہر دفعہ تازہ کلام معلوم ہوتا ہے۔ کوئی غزل کیسی ہی عمدہ ہو دس مرتبہ سن لو تو پھر اس کے سننے میں مزا نہیں آتا بلکہ جی گھبرانے لگتا ہے اور قرآن کو نہ معلوم کتنی مرتبہ سنا ہوگا اور کتنی مرتبہ پڑھا ہوگا یہ پُرانا نہیں ہوتا ہر دفعہ نیا لطف آتا ہے بلکہ بار بار ختم کر کے پھر شروع کرنے کو جی چاہتا ہے چنانچہ جو لوگ تلاوت قرآن کے عادی ہیں ان سے پوچھ لیجئے اور تم عادت کر کے دیکھ لو پھر خود ہی تجربہ ہو جائیگا جو لوگ تلاوت قرآن کے عادی ہیں اگر کسی دن ان کا معمول پورا نہ ہو اور تلاوت کا موقع نہ ملے تو دن بھر ان کا دل بُرا رہتا ہے جیسے بھوکے پیاسے کو روٹی اور پانی کی طلب ہوتی ہے اس طرح ان کا دل تلاوت کو ترستا رہتا ہے جب قرآن پڑھ لیتے ہیں اس وقت تسلی ہوتی ہے جیسے بھوکے کو غذا مل گئی پیاسے کو پانی مل گیا ورنہ ماہی بے آب کی طرح تڑپتے رہتے ہیں اگر کثرت تلاوت سے قرآن پُرانا ہو جایا کرتا تو یہ طلب اور یہ بے چینی کبھی نہ ہوتی خصوصاً ان لوگوں کو جو مہینہ میں کئی بار ختم کرتے ہیں مگر یہاں یہ حالت ہے کہ جو جتنا زیادہ تلاوت کا عادی ہے وہ اتنا ہی اس کے لئے بے چین ہے تو شریعت نے عجیب مجاہدہ تجویز کیا ہے جس میں تقلیل کلام کے ساتھ ظاہری لذت بھی ہے جس کی کثرت قلب پر گراں بھی نہیں ہوتی پھر اس میں قرب بھی بے انتہا ہے ثواب بھی بے شمار ہے بھلا تقلیل کلام کی ایسی صورت کوئی بتلا سکتا ہے (پھر جو صورت مجاہدہ تقلیل کلام کی اہل ریاضت نے تجویز کی ہے کہ زبان کو بند کر لیا جائے اس میں ایک نقص یہ بھی ہے کہ اس طرح قوت گویائی کم ہو جاتی ہے اگر ایسا شخص کسی وقت تقریر کرنا چاہے تو اس کے کلام میں شوکت و قوت نہ ہوگی اور قوت نطق انسان میں بڑا جوہر ہے زبان سے بعض دفعہ وہ کام لئے گئے ہیں جو تلوار سے نہ ہو سکتے تھے تو اس قوت کا معطل و بیکار ہو جانا بہت بڑا نقص ہے مگر شریعت نے تقلیل کلام کی جو صورت تجویز کی ہے اس سے قوت کلام بڑھتی ہے تجربہ ہے کہ کثرت تلاوت قرآن سے کلام میں بلاغت و فصاحت پیدا ہوتی ہے اور گویائی میں قوت پیدا ہوتی ہے تو سبحان اللہ کیا عجیب مجاہدہ ہے کہ تقلیل کلام کے ساتھ تقویت کلام مجتمع کر دی بھلا